# 29-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے عہدیداروں سے کہا ہے کہ وہ عوام کی بہبود کیلئے فلاحی اسکیموں پر عمل آوری کو اولین ترجیح دیں۔

۲۔ریاستی حکومت نے آج غدر فلم ایوارڈ کا اعلان کر دیا۔الو ارجن کو پشپا2 کیلئے بہترین اداکار قرار دیا گیا ہے۔ نویتا تھامس کو چنا کتھا کا دونامی فلم کیلئے بہترین اداکارہ قرار دیا گیا ہے۔

۳۔سپریم کورٹ نے فون ٹائپنگ کیس کے ایک ملزم اسپیشل انٹلیجنس بیورو کے سابق سربراہ پربھاکر راؤ کے خلاف کارروائی سے پولیس کو باز رکھتے ہوئے آج عبوری حکم جاری کیا۔

۴۔سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے ایک قدم اٹھاتے ہوئے حیدرآباد پولیس نے تمام سات زونس میں زونل سائبر سیل قائم کئے۔

۵۔دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں دو دن قبل داخل ہونے والا جنوب مغربی مانسون اب پوری ریاست پر چھا گیا ہے۔

## PHONE TAPPING

سپریم کورٹ نے فون ٹائپنگ کیس کے ایک ملزم اسپیشل انٹلیجنس بیورو کے سابق سربراہ پربھاکر راؤ کے خلاف کارروائی سے پولیس کو باز رکھتے ہوئے آج عبوری حکم جاری کیا۔جسٹس بی ناگارتنا اور جسٹس ستیش چندر شرما پر مشتمل بنچ نے پولیس کو ہدایت دی کہ وہ پربھاکر راؤ کو ان کا پاسپورٹ واپس کرے اور پربھاکر راؤ سے کہا کہ وہ تحقیقاتی عہدیدار کے روبرو حاضر ہوں۔ پربھاکر راؤ فون ٹائپنگ کیس کے اہم ملزم ہیں اور سمجھا جاتا ہے کہ اس وقت امریکہ میں ہیں۔سپریم کورٹ نے پربھاکر راؤ کو ہدایت دی کہ وہ عدالت کو حلف نامہ پیش کریں کہ وہ پاسپورٹ ملنے کے بعد تین دن کے اندر بھارت واپس آجائیں گے۔سماعت کے دوران سالیسٹر جنرل تشار مہتا اور سینئر وکیل سدھارتھ لوتھرا نے عبوری ضمانت کے لئے پربھاکر راؤ کی عرضی کی مخالفت کی۔عدالت نے اس معاملہ کی اگلی سماعت 5 اگست کو مقرر کی ہے۔

## ADVISORY

ریاستی محکمہ صحت نے عوام کومشورہ دیا ہے کہ وہ بارش کے موسم کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ اِس موسم میں پانی کی آلودگی سے مختلف امراض کے پھیلنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ پبلک ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیر کے ڈائرکٹر ڈاکٹر بی رویندر نائک نے عوام سے کہا ہے کہ وہ پانی کی نکاسی کیلئے گھر کی نالیوں کی صفائی کریں اور سپٹک ٹینکوں پر جعلی لگائیں تاکہ مچھروں کی افزائش نہ ہوں۔ اِس اقدام سے ملیریا، ڈینگو اور چکن گنیا جیسے امراض کوروکا جاسکتا ہے۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ گھروں کے اطراف ٹھہرے ہوئے پانی کی نکاسی کیلئے ہر جمعہ کوڈرائی ڈے منائیں۔عوام سے کہا گیا ہے کہ وہ آنتوں کی سوزش، یرقان اور ٹائیفٹ جیسے امراض سے بچنے کیلئے احتیاطی اقدامات کریں۔

## GADDAR AWARD

ریاستی حکومت نے آج غدر فلم ایوارڈ کا اعلان کردیا۔ اَلوارجن کو پشپا2 کیلئے بہترین اداکار قرار دیا گیا ہے۔ نویتا تھامس کو چنا کتھا کا دونامی فلم کیلئے بہترین اداکارہ قرار دیا گیا ہے۔جون 2014ء سے 31دسمبر 2023ء تک ریلیز ہونے والی فلموں کو بہترین فلم کے زمرے کیلئے نامزدگیوں میں شامل کیا گیا۔تاہم سال 2024ء کیلئے تمام زمروں میں ایوارڈس دئے گئے۔ یہ ایوارڈس 14 جون کو پیش کئے جائیں گے۔کالکی نامی فلم کو جس میں پربھاس نے اہم رول کیا ہے بہترین فلم قرار دیا گیا۔ پوٹیل کو دوسری بہترین فلم اور لکی بھاسکر کو تیسری بہترین فلم قرار دیا گیا۔کالکی کیلئے ناگ اَشون سنگی ریڈی کو بہترین ڈائرکٹر قرار دیا گیا۔رضا کار کو تاریخی فلموں کے زمرے میں بہترین فیوچر فلم کا ایوارڈ دیا جائے گا۔غدر فلم ایوارڈ کی جیوری کی صدر نشین اور سینئر اداکارہ جئے سودھا نے ان ایوارڈس کا اعلان کیا۔

## RBI - ECONOMY REPORT

ریزرو بینک آف انڈیا نے آج جاری کی گئی سالانہ رپورٹ میں پیش قیاسی کی ہے کہ بھارت جاریہ مالی سال کے دوران تیز رفتاری کے ساتھ ترقی کرنے والی بڑی معیشت کی حیثیت سے اپنا درجہ برقرار رکھے گا۔مکانات میں تصروف، بینکوں اور کارپوریٹ ادارہ کے مالی استحکام اور سرمایہ کاری میں اضافہ سے معیشت تیزی کے ساتھ ترقی

کرے گی۔ بہتر مانسون، ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور سربراہی کے نظام میں بہتری کی وجہ سے افراط زر میں کمی کی توقع ہے۔ مینوفیکچرنگ اور تعمیری شعبوں میں توسیع ہوگی جس سے ملازمتوں اور مانگ میں اضافہ ہوگا۔

WEATHER

دفتر موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں دو دن قبل داخل ہونے والا جنوب مغربی مانسون اب پوری ریاست پر چھا گیا ہے۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ تلنگانہ پر مانسون کی سرگرمی معمول کے مطابق ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، وقارآباد، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں اکادوکا مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نارائن پیٹ ضلع میں اکادوکا مقامات پر شدید بارش ہوئی۔ ریاست میں بعض دیگر مقامات پر بھی بارش کی اطلاعات ہیں۔

ZCC:

سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے ایک قدم اٹھاتے ہوئے حیدرآباد پولیس نے تمام سات زونس میں زونل سائبر سیل قائم کئے۔ اس اقدام کا مقصد بڑھتے ہوئے سائبر جرائم سے فوری اور موثر انداز میں مقامی طور پر نمٹنا ہے۔ زونل سائبر سیل ایک ایسے وقت قائم کئے گئے ہیں جب سائبر جرائم میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ پولیس کمشنر سی وی آنند نے کہا کہ 2015ء سے 2022ء تک سائبر جرائم میں 786 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ زونل سائبر سیل کا قیام سائبر جرائم سے نمٹنے کے لئے ایک قدم ہے۔

IPL

چندی گڑھ میں پی سی اے اسٹیڈیم پر آج رات ساڑھے سات بجے سے پنجاب کنگ اور رائل چیالنجر بنگلور کے درمیان آئی پی ایل 2025ء کا کوالیفائر ون مقابلہ ہوگا۔ ان دونوں ٹیموں نے اپنے آخری لیگ میاچ جیت لئے اور پوائنٹس کے ٹیبل پر دوٹاپ ٹیمیں بن کر ابھریں۔ دونوں ٹیمیں پہلی مرتبہ آئی پی ایل ٹائٹل کیلئے فائنل میں رسائی کی کوشش کریں گی۔

VP

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے کہا ہے کہ بھارت کو زبانوں اور ادب کے شعبہ میں دنیا بھر میں منفرد مقام حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی زبانیں علم کا خزانہ ہیں۔ دہلی میں آج انڈین اسٹاٹیسٹیکل سرویس کے پروبیشنل کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی ملی جلی تہذیب کی عکاسی اس کی زبانوں سے ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی میں مادری زبان کو اہمیت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیسن اور انجینئرنگ کے شعبوں میں بھی علاقائی زبانوں میں تعلیم دی جارہی ہے۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے عہدیداروں سے کہا ہے کہ وہ عوام کی بہبود کیلئے فلاحی اسکیموں پر عمل آوری کو اولین ترجیح دیں۔ انہوں نے آج اندراماں ایلو، بھو بھارتی، دھان کی خریدی اور دیگر اسکیموں پر عمل آوری کا ایک اجلاس میں جائزہ لیا۔ کھمم ضلع میں منعقدہ اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر نے پولیس عہدیداروں سے کہا کہ وہ نقلی بیجوں کی فروخت کرنے والوں کے خلاف سختی کے ساتھ نمٹیں۔